This question paper contains 8 printed pages]

3701

B.A. (Third Year) EXAMINATION, 2018

URDU LITERATURE

Paper I

(Prose, Poetry and Criticism)

Time allowed : Three Hours

Maximum Marks : 100

Part A (खण्ड 'अ') [Marks : **20**]

*Answer all questions (**50** words each).*

***All** questions carry equal marks.*

__सभी__ प्रश्न अनिवार्य हैं। प्रत्येक प्रश्न का उत्तर 50 शब्दों से अधिक न हो। __सभी__ प्रश्नों के अंक समान हैं।

Part B (खण्ड 'ब') [Marks : **50**]

*Answer five questions (**250** words each), selecting **one** question from each Unit.*

***All** questions carry equal marks.*

प्रत्येक इकाई से **एक** प्रश्न चुनते हुए, कुल **पाँच** प्रश्न कीजिए। प्रत्येक प्रश्न का उत्तर **250** शब्दों से अधिक न हो। **सभी** प्रश्नों के अंक समान हैं।

Part C (खण्ड 'स') [Marks : **30**]

*Answer any two questions (**300** words each).*

***All** questions carry equal marks.*

कोई **दो** प्रश्न कीजिए। प्रत्येक प्रश्न का उत्तर **300** शब्दों से अधिक न हो। **सभी** प्रश्नों के अंक समान हैं।

Part A (खण्ड 'अ')

1. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجئے ۔ سبھی دس سوال کرنا لازمی ہے:

(i) نظیر اکبرآبادی کا پورا نام اور تخلص کیا تھا ؟

(ii) آتش کے والد کا نام کیا تھا اور کس شہر میں پیدا ہوئے ؟

(iii) ذوقؔ نے کس مغل بادشاہ کے کلام کی اصلاح کی ؟

(iv) داغؔ کہاں اور کب پیدا ہوئے ؟

(v) مسدس حالیؔ نے کس کے کہنے پر لکھی ؟

(vi) میر انیسؔ کس مشہور شاعر کے بیٹے تھے ؟

(vii) محمد رفیع سوداؔ کو شاعری کی کون سی صنف میں مہارت حاصل ہوئی ؟

(viii) علامہ اقبالؔ کی والدہ کا نام بتائیے۔

(ix) مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ کے والد کا نام بتائیے۔

(x) مرزا غالبؔ کی شادی کتنی عمر میں اور کس سے ہوئی ؟

Part B (खण्ड 'ब')

نوٹ: ہر یونٹ میں سے ایک سوال کرنا لازمی ہے۔

Unit I

2. سوتوں کو جھجھوڑتے ہیں تاکہ جاگ اٹھیں اگر اٹھ کھڑے ہوئے تو مطلب پورا ہوگیا۔ اور اگر نیند میں

اٹھانے سے کچھ بڑبڑائے اور کچھ جھنجھلائے اِدھر ہاتھ جھٹک دیا اُدھر ہاتھ پھینک دیا اور جھنجھلاہٹ میں اینڈے پڑے رہے تو بھی توقع ہوئی کہ تھوڑی دیر بعد جاگ اٹھیں گے شاید ہمارے بھائیوں کی اس اخیر درجہ تک نوبت آ گئی ہے اگر یہ خیال ٹھیک ہے تو ہم کو بھی زیادہ نہیں چھیڑنا چاہیے اور تہذیب الاخلاق کو بند کرکے دور سے نیند کے ان خمار آلودوں کا جواب صرف جھنجھلاہٹ سے اینڈے پڑے ہیں اٹھنا اور ہشیار ہونا دیکھنا چاہیے۔

یا

اور لیجیے دوسرے دوست محمد تحسین یہ بال بچوں والے ہیں اور رات دن انہیں کی فکر میں رہتے ہیں۔ جب کبھی ملنے آتے ہیں تو تیسرے پہر کے قریب آتے ہیں، جب کام سے فارغ ہو چکتا ہوں لیکن اس قدر تھکا ہوا ہوتا ہوں کہ دل یہی چاہتا ہے کہ ایک گھنٹہ آرام کرسی پر خاموش پڑا رہوں۔ مگر تحسین آئے

ہیں اور ان سے ملنا ضروری ہے ان کے پاس باتیں کرنے کے لئے سوائے اپنی بیوی بچوں کی بیماری کے اور کوئی مضمون ہی نہیں ہے۔ میں کتنی ہی کوشش کروں مگر وہ اس مضمون سے باہر ہی نہیں نکلتے۔ اگر میں موسم کا ذکر کرتا ہوں تو ہو کہتے ہیں ہاں بڑا خراب موسم ہے میرے چھوٹے بچے کو بخار آ گیا ہے۔ منجھلی لڑکی کھانسی میں مبتلا ہے۔

Unit II

3. مع سیاق و سباق تشریح کیجئے :

وہ صنم جب سو بسا دیدۂ حیران میں آ
آتش عشق پڑی عقل کے سامان میں آ
دوزخ مجھے قبول ہے اے منکر و نکیر
لیکن نہیں دماغ سوال و جواب کا
حجاب رخِ یار تھے آپ ہی ہم
کھلی آنکھ جب کوئی پردہ نہ دیکھا

خراب رہتے تھے مسجد کے آگے میخانے
نگاہِ مست نے ساقی کی انتقام لیا
ان آبلوں سے پاؤں کے گھبرا گیا تھا میں
جی خوش ہوا ہے رہ کو پر خار دیکھ کر

یا

عمارت کی خوبی دروں کی وہ شان
لگے جس میں زر بفت کے سائبان
چھتیں اور پردے بندھے زر نگار

دروں پہ کھڑی دست بستہ بہار
کوئی ڈور سے در پہ اٹکا ہوا
کوئی زہ پہ خوبی سے لٹکا ہوا
وہ مقیش کی ڈوریاں سر پر
کہ مہ کا بندھا جس میں تار نظر
چھتوں کا تماشا تھا آنکھوں کا جال
نگہ کو وہاں سے گذرنا محال

Unit III

4. ''آخری پرچہ'' سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

یا

''نئی اور پرانی تہذیب کی ٹکر'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

Unit IV

5. ''مومنؔ'' کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھئے۔

یا

مولوی نذیر احمد کی ناول نگاری کا جائزہ پیش کیجئے۔

Unit V

6. دیا شنکر نسیمؔ کی مثنوی نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

یا

'ذوقؔ کی قصیدہ نگاری اردو شاعری میں اہم درجہ رکھتی ہے۔' واضح کیجئے۔

Part C (खण्ड 'स')

نوٹ : کوئی دو سوال کرنے ہیں۔

7. مرزا غالبؔ کی خطوط نگاری کی خصوصیات تحریر کیجیے۔

8. میر حسن کی مثنوی نگاری پر مضمون لکھیے۔

9. مرزا فرحت اللہ بیگ کی نثر نگاری پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

10. سرسید احمد خاں کی ادبی خدمات کا جائزہ پیش کیجیے۔

11. میر انیسؔ اور مرزا دبیرؔ کی مرثیہ نگاری کا موازنہ کیجیے۔